## سوال

(748) ''تو مجھ پر حرام ہے'' کہنے سے طلاق ہو جاتی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کا اپنی بیوی سے جھگڑا ہو گیا اور اس نے اسے مارا تو عورت نے کہہ دیا کہ مجھے طلاق دے دو، تو شوہر نے کہا: تو مجھ پر حرام ہے۔ تو کیا اس طرح کہنے سے بیوی شوہر کے لیے حرام ہو جائے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شوہر کا اپنی بیوی سے یہ کہنا کہ "تو مجھ پر حرام ہے" اس بارے میں علماء کے دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ شوہر کے ذمے ہے کہ وہ ظہار والا کفارہ ادا کرے اگر عورت اسے اپنے ساتھ ملاپ کا موقع دے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ اس کے ذمے کچھ نہیں ہے۔ تاہم علماء میں اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ عورت پر واجب ہے کہ وہ شوہر کو اپنے ساتھ ملاپ کا موقعہ دے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 537**

محدث فتویٰ